جامعہ علومِ اثریہ کے تحت فری آئی کیمپ کا انعقاد

دکھی انسانیت کی خدمت ایک ایسا عمل ہے جس سے انسان کو زندگی کی حقیقی خوشیاں نصیب ہوتی ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار جامعہ علومِ اثریہ جہلم کے رئیس حضرت علامہ محمد مدنی نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے یہاں جامعہ میں فری آئی کیمپ کے سلسلہ میں منعقدہ ایک اہم میٹنگ میں کیا۔

اجلاس میں معززینِ شہر اور احبابِ جماعت کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاءِ اجلاس نے حضرت علامہ محمد مدنی اور جامعہ کی دینی اور رفاہی خدمت کو سراہا۔ یہ اجلاس مُدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی کی دعائے خیر پر اختتام پذیر ہوا۔

جامعہ علومِ اثریہ کو دینی و دنیاوی علوم کی عظیم معیاری درس گاہ ہونے کے ساتھ ساتھ سماجی اور رفاہی خدمات میں بھی ایک خاص مقام حاصل ہے۔ اسی سلسلہ میں گزشتہ دنوں اسرٰی انٹرنیشنل اسلامک فاؤنڈیشن کے زیرِاہتمام جامعہ میں ایک فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔

جامعہ کے طلباء نے اساتذہ کرام کی نگرانی میں فری آئی کیمپ کے انعقاد سے قبل جامعہ کی مکمل صفائی کے علاوہ مریضوں کی سہولت کے لیے تمام ضروری چیزوں کی فراہمی کا بندوبست کیا، جب کہ جہلم کے احبابِ جماعت نے مریضوں کی خدمت کے سلسلہ میں مختلف امور کے لیے درجن بھر کمیٹیاں قائم کیں، جن کا ناظم جماعت کے عہدیداران کو مقرر کیا گیا۔ اسی طرح جامعہ کے اساتذہ نے بھی ان کمیٹیوں سے تعاون کے لیے اپنی زیرِ نگرانی طلباء کے مختلف گروپ ترتیب دیے ـــــ الحمد للہ رفقائے جماعت

کے علاوہ اساتذہ و طلباء جامعہ نے بھی اپنی ذمہ داریوں کو بڑے خلوص، محنت اور تندہی سے انجام دیا۔

تین ہزار افراد کے علاج کی گنجائش والے اس کیمپ سے تقریباً پانچ ہزار افراد نے فائدہ اٹھایا ـــــ آنکھوں کے معائنہ کے لیے سپیشلسٹ، ماہر ترین ڈاکٹروں کی ایک فعال ٹیم موجود تھی ـــــ تقریباً اڑھائی صد آپریشن ہوئے۔ اٹھارہ مریضوں کی آنکھوں کے اندر شیشہ لگایا گیا، جب کہ باقی مریضوں کو چشمے لگائے گئے اور دوائیاں مفت فراہم کی گئیں۔

علاج معالجہ کا سلسلہ دو دن جاری رہا ـــــ کیمپ کے مقررہ وقت سے قبل ہی بڑی تعداد میں دور دراز سے لوگ جامعہ میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے، اس دوران مریضوں اور ان کے لواحقین کو کھانا اور رہائشی سہولتیں بھی مفت فراہم کی جاتی رہیں ـــــ ڈاکٹروں کی ٹیم اور جہلم شہر کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جامعہ کے رئیس علامہ محمد مدنی، مدیر الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر، رفقاء جماعت اور اساتذہ و طلبائے جامعہ کے بھرپور تعاون اور دکھی انسانیت کی خدمت کے اس عظیم کام پر انھیں مبارک باد دی، ان کے خلوص اور جذبے کو دل کھول کر سراہا اور جامعہ کی مزید ترقی اور کامیابی کے لیے دعائیں کیں ـــــ فللّٰہ الحمد!

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

جامع مسجد اہل حدیث حنانیہ وزیر آباد کے خطیب اور ممتاز عالم دین مولانا عبد الرحمان صاحب عتیق کو خطبہ جمعۃ المبارک دیتے ہوئے اچانک دل کا دورہ پڑا اور آپ نماز عصر کے وقت داعیٔ اجل کو لبیک کہہ گئے۔ دریں اثناء جماعت کی معروف علمی شخصیت مولانا محمد موسیٰ کاظم صاحب خطیب چک نمبر ۶۵۱ چوک منڈا کی بھی اچانک وفات کی خبر ملی ہے ـــــ اِنّا للّٰہ وانا الیہ راجعون!

رئیس جامعہ علوم اثریہ علامہ محمد مدنی اور مدیر جامعہ حافظ عبد الحمید عامر نے مرحومین کی دینی علمی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں سے درگزر فرماتے ہوئے انھیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ ادارہ حرمین بھی مرحومین کی بلندی درجات کے لیے دعاگو ہے۔